# کوہِ نور ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ

KMLG
Kohinoor Maple Leaf Group

**رجسٹرڈ آفس: 42۔لارنس روڈ لاہور۔فون نمبر 62-36302261-042**

## اطلاع برائے سالانہ عام اجلاس

بذریعہ نوٹس ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کوہِ نور ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ (کمپنی) کے ارکان کا 56 واں سالانہ اجلاس عام، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، 42 لارنس روڈ، لاہور پر بروز سوموار 28 اکتوبر 2024ء کو دوپہر 12:00 بجے درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

**عام امور:**

1۔30 جون 2024ء مختتمہ سال کیلئے کمپنی کے نظرثانی شدہ حسابات بشمول مجموعی مالی حسابات معہ ان پر چیئرمین ریویو ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غوروخوض اور منظور کرنا۔

2۔30 جون 2025ء اختتام پزیر ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے صلۂ خدمت کا تعین کرنا۔ بورڈ نے آڈٹ کمیٹی کی تجویز کے مطابق ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز ریاض احمد اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، جنہوں نے اہل ہونے کی بناء پر خود کو دوبارہ تقرری کے لئے پیش کیا ہے، کی تقرری کی منظوری دے دی ہے۔

**خصوصی امور**

3۔غوروخوض اور اگر بہتر خیال کیا گیا تو کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 199 کے تحت ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق درج ذیل قرارداد کو معہ یا بلاترمیم بطور خصوصی قرارداد منظور کرنا۔

"خصوصی قرارداد کے ذریعے قرار پایا کہ کوہِ نور ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ (کمپنی) کو رضامندی اور منظوری دی جاتی ہے اور بذریعہ ہٰذا تین ماہ کے KIBOR شرح سے ایک فیصد زیادہ یا کمپنی کے اوسط قرضہ کی لاگت سے ایک فیصد زیادہ، جو بھی زیادہ ہو، کے مارک اپ شرح پر یکم نومبر 2024ء تا 31 اکتوبر 2025ء (دونوں ایام سمیت) ایک سال کی مدت کیلئے 1,000 ملین روپے (ایک ہزار ملین روپے صرف) مجموعی رقم تک ذیلی کمپنی میپل لیف سیمنٹ فیکٹری لمیٹڈ میں وقتاً فوقتاً قرضوں/ پیشگیوں کی شکل میں سرمایہ کاری کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 199 کے مطابق ہو۔حصص داران کی طرف سے 19 اکتوبر 2023ء کو منعقدہ اجلاسِ عام میں منظور شدہ خصوصی قرارداد کی رُو سے، کمپنی 1,000 ملین روپے کی حد تک اس طرح کی سہولت توسیع کرنے کی مجاز تھی جو 31 اکتوبر 2024ء تک کارآمد ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کمپنی سیکرٹری بذریعہ ہٰذا بالا قراردادوں کو مؤثر بنانے کیلئے ذیلی کمپنی کو قرضوں/ پیشگیوں کے سلسلہ میں ٹرانزیکشن مکمل کرنے کیلئے تمام ضروری اقدامات اٹھانے، واقعاتی اور حادثاتی، کارپوریٹ اور قانونی لوازمات پورے کرنے لیکن محدود نہیں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے ہاں تمام مطلوبہ قانونی فارمز اور تمام دیگر دستاویزات جمع کرانے، تمام ایسے نوٹسز، رپورٹس، خطوط اور کوئی دیگر دستاویزات یا آلات مکمل کرنے کے واحد مجاز ہیں۔

4۔غوروخوض اور اگر بہتر خیال کیا گیا تو کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 199 کے تحت ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق درج ذیل قرارداد کو معہ یا بلاترمیم بطور خصوصی قرارداد منظور کرنا۔

" خصوصی قرارداد کے ذریعے قرار پایا کہ کوہِ نور ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ (کمپنی) کو رضامندی اور منظوری دی جاتی ہے اور بذریعہ ہٰذا تین ماہ کے KIBOR شرح سے ایک فیصد زیادہ یا کمپنی کے اوسط قرضہ کی لاگت سے ایک فیصد زیادہ، جو بھی زیادہ ہو، کے مارک اپ شرح پر یکم نومبر 2024ء تا 31 اکتوبر 2025ء (دونوں ایام سمیت) ایک سال کی مدت کیلئے 1,000 ملین روپے (ایک ہزار ملین روپے صرف) مجموعی رقم تک ذیلی کمپنی میپل لیف کیپٹل لمیٹڈ میں وقتاً فوقتاً قرضوں/ پیشگیوں کی شکل میں سرمایہ کاری کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 199 کے مطابق ہو۔ حصص داران کی طرف سے 19 اکتوبر 2023ء کو منعقدہ اجلاسِ عام میں منظور شدہ خصوصی قرارداد کی رُو سے، کمپنی 1,000 ملین روپے کی حد تک اس طرح کی سہولت توسیع کرنے کی مجاز تھی جو 31 اکتوبر 2024ء تک کارآمد ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کمپنی سیکرٹری بذریعہ ہٰذا بالا قراردادوں کو مؤثر بنانے کیلئے ذیلی کمپنی کو قرضوں/ پیشگیوں کے سلسلہ میں ٹرانزیکشن مکمل کرنے کیلئے تمام ضروری اقدامات اٹھانے، واقعاتی اور حادثاتی، کارپوریٹ اور قانونی لوازمات پورے کرنے لیکن محدود نہیں

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ہاں تمام مطلوبہ قانونی فارمز اور تمام دیگر دستاویزات جمع کرانے، تمام ایسے نوٹسز، رپورٹس، خطوط اور کوئی دیگر دستاویزات یا آلات مکمل کرنے کے واحد مجاز ہیں۔

5۔ درج ذیل خصوصی قرارداد کو معہ یا بلا ترمیم پاس کر کے 30 جون 2024 مختتمہ سال کے لئے متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ کی گئی ٹرانزیکشنز کی تصدیق اور منظوری دینا۔

قرار پایا کہ 30 جون 2024 مختتمہ سال کے لئے غیر اشتمال شدہ مالی گوشواروں کے نوٹ 38 میں انکشاف اور دفعہ (3)134 کے تحت مادی معلومات کے بیان میں مخصوص ہے اور بذریعہ ہذا تصدیق، منظور اور توثیق کی گئی ہیں۔

6)۔ درج ذیل قرارداد کو معہ یا بلا ترمیم پاس کر کے کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو 30 جون 2025 کو اختتام پزیر ہونے والے سال کے لئے متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ کی جانے والی ٹرانزیکشنز کی تصدیق اور منظوری دینے کا با اختیار بنانا۔

قرار پایا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز 30 جون 2025 کو اختتام پزیر ہونے والے سال کے لئے متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ کی جانے والی ٹرانزیکشنز کی تصدیق اور منظوری دینے کے با اختیار ہیں۔

مزید قرار پایا کہ بورڈ کی طرف سے منظور کردہ ٹرانزیکشنز حصص داران سے بھی منظور شدہ خیال کی جائیں گی اور ان کی رسمی تصدیق / منظوری کے لئے اگلے سالانہ اجلاس عام میں حصص داران کے روبرو رکھی جائیں گی۔"

**کمپنیز ایکٹ کی دفعہ (3)134 کے تحت درکار مذکورہ بالا خصوصی امور کا احاطہ کرنے والے مادی حقائق کا بیان نوٹس ہذا سے منسلک حصص داران کو ارسال کیا جا رہا ہے۔**

**بحکم بورڈ (محمد اشرف)**

**کمپنی سیکرٹری**

**لاہور:......07 اکتوبر 2024ء**

**نوٹ:**

1۔ کمپنی کی حصص منتقلی کتابیں 22 اکتوبر 2024ء تا 28 اکتوبر 2024ء (بشمول ہر دو ایام) بند رہیں گی۔ فزیکل منتقلیاں / سی ڈی ایس ٹرانزیکشن آئی ڈیز کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز وژن کنسلٹنگ لمیٹڈ، 5-C، ایل ڈی اے فلیٹس، دوسری منزل، لارنس روڈ، لاہور میں 21 اکتوبر 2024ء کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والی بالا استحقاق کے مقصد اور اجلاس میں شرکت کے لئے حصص داران کے حق رائے دہی کے تعین کے لئے بروقت تصور ہونگی۔

2۔ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا مستحق ممبر کمپنی کے کسی دیگر ممبر کو اپنی بجائے شرکت اور ووٹ دینے کے لئے بطور اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ر سکتی ہے۔ با قاعدہ مکمل شدہ پراکسی فارم کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازماً جمع کرایا جانا چاہئے۔

3۔ اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ دینے کے اہل سی ڈی سی کے انفرادی بینفشل اونرز اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے اپنے اصل CNIC/ پاسپورٹ لازماً ہمراہ لائیں، اور بصورت پراکسی اپنے CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ کاپی لازماً لف کریں۔ کارپوریٹ اداروں کے نمائندگان کو مقصد ہذا کے لئے مطلوبہ بورڈ کی قرارداد/ مختار نامہ معہ مخصوص دستخط ہمراہ لانا چاہئے۔

4۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 134 کی پروویژنز کے مطابق، اگر کمپنی جغرافیائی محل وقوع میں سکونتی مجموعی %10 یا زیادہ شیئر ہولڈنگ کے مالک ممبران سے اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 7 یوم قبل وڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کیلئے رضامندی وصول کرتی ہے تو، کمپنی اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی کے حوالہ سے وڈیو کانفرنس سہولت کا انتظام کرے گی۔

5۔ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") نے اپنے سرکلر نمبر 4 آف 2021 بتاریخ 15 فروری 2021 کے ذریعے اراکین کو الیکٹرانک ذرائع سے شرکت فراہم کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ ممبران سمارٹ فونز/ ٹیبلیٹ کا استعمال کرتے ہوئے وڈیو لنک کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کر سکتے ہیں۔ وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لیے ممبران اور ان کے پراکسیز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (دونوں اطراف)/ پاسپورٹ کی مؤثر کاپی، بورڈ کی قرارداد/ مختار نامہ (بصورت کارپوریٹ شیئر ہولڈرز) کی تصدیق شدہ کاپی کے ساتھ درج ذیل معلومات 25 اکتوبر 2024 تک muhammad.ashraf@kmlg.com پر ای میل کے ذریعے فراہم کر کے اپنے آپ کو رجسٹر کریں:-

| نام رکن / پراکسی ہولڈر | فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر / واٹس ایپ نمبر | CNIC نمبر | ای میل آئی ڈی |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |
| | | | | |

6۔شیئر ہولڈرز کمپنیز ایکٹ، 2017 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے سیکشن 143 اور 144 کے تقاضوں کے تحت ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

7۔AGM کا نوٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی رکھ دیا گیا ہے۔ مزید برآں کمپنیز ایکٹ 2017 کے تقاضوں کے مطابق ممبران کو اجلاس نوٹس ان کے رجسٹرڈ پتہ پر ارسال کیا جا رہا ہے، جس میں QR فعال کوڈ اور ویب لنک ایڈریس موجود ہے تاکہ ہمہ وقت رپورٹس کے ساتھ ساتھ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو ملاحظہ اور ڈاؤن لوڈ کیا جا سکے۔

8۔ارکان، جو سالانہ نظرثانی شدہ مالی گوشوارے اور AGM نوٹسز بذریعہ ای میل وصول کرنا چاہتے ہوں، سے التماس ہے کہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اپنی اپ ڈیٹڈ ای میل ایڈریس ارسال کریں۔ 30 جون 2024ء مختتمہ سال کیلئے نظرثانی شدہ مالی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ تاہم، کمپنی کی ویب سائٹ www.kmlg.com پر دستیاب معیاری درخواست فارم میں شیئر ہولڈرز کی تحریری درخواست پر سالانہ رپورٹ کی ہارڈ کاپی بغیر قیمت مہیا کی جائے گی۔

9۔کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 242 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈینڈز) ریگولیشنز 2017 کی ضروریات کی پیروی میں، غیر دعویدار ای ڈیویڈینڈز وصول کرنے کے لئے 24 ہندسوں کا انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) سمیت اپنی بینک تفصیلات فراہم کریں۔ مزید برآں، شیئر ہولڈرز اپنے غیر دعویدار مادی ڈیویڈینڈز/ مادی شیئرز، اگر کوئی ہوں، حاصل کرنے/ کے بارے دریافت کرنے کے لئے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں رابطہ کریں۔

10۔انفرادی ممبران جنہوں نے ابھی تک اپنے کارآمد کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کمپنی کو جمع نہیں کرائی ہے ان سے ایک بار پھر درخواست ہے کہ وہ اپنے کارآمد شناختی کارڈ کی کاپی جلد از جلد کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر، ویژن کنسلٹنگ لمیٹڈ، 5-C، LDA فلیٹس، لارنس روڈ، لاہور کو ارسال کریں۔ کارپوریٹ ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) فراہم کریں اور کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو کاپیاں بھیجتے وقت اس پر فولیو نمبر اور اپنی کمپنی کا نام تحریر کریں۔ کارآمد CNIC یا NTN کی کاپی موصول نہ ہونے کی صورت میں (جیسا کہ معاملہ ہو)، کمپنی کمپنیز ایکٹ، 2017 اور اس کے تحت جاری کردہ SROs کے تقاضوں کی تعمیل کرنے سے قاصر ہوگی۔

11۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق، ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی کو اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم کے ساتھ کمیشن کی طرف سے مطلع کردہ طریقے اور تاریخ سے، ایک مدت جو کمپنیز ایکٹ، 2017، یعنی 30 مئی، 2017 کے آغاز سے چار سال سے زائد نہ ہو کے اندر تبدیل کرنا ہوگا۔

فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے شیئر ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکر کے ہاں سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ کھولیں یا سی ڈی سی کے ہاں براہ راست انویسٹر اکاؤنٹ کھولیں تاکہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس فارم میں رکھ سکیں، یہ انہیں کئی طریقوں سے سہولت فراہم کرے گا، بشمول محفوظ تحویل اور حصص کی فروخت، جب بھی وہ چاہیں، کیونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے موجودہ ضوابط کے مطابق فزیکل شیئرز کی تجارت کی اجازت نہیں ہے۔

12۔ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتوں میں کسی بھی تبدیلی کی فوری طور پر اطلاع دیں۔ حصص یافتگان جو اپنے حصص الیکٹرانک شکل میں رکھتے ہیں انہیں اپنا پتہ اپنے پارٹیسپنٹ یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹس سروس کے ہاں اپ ڈیٹ کرانا چاہیے۔

13۔کسی استفسار/ معلومات کیلئے شیئر ہولڈرز بالا رجسٹرڈ دفتر میں کمپنی سیکرٹری اور/ یا منیجر آف شیئر رجسٹرار، وژن کنسلٹنگ لمیٹڈ، 5-C، ایل ڈی اے فلیٹس، لارنس روڈ، لاہور فون نمبر 97-36283096 (042) پر رابطہ کریں۔